# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 02-09- 2026**
**Time : 09:25 / AM**

---

Opening

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز ہ اختر۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں جل شکتی کی وزارت کے ڈیپارٹمینٹل سمٹ کے اختتامی اجلاس سے خطاب کریں گے۔کل شروع ہوئے اس دو روزہ سمٹ میں جل شکتی وزارت کے مرکز اور ریاستوں کے حکام مختلف ترجیحات پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

**LG**

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں کل سرینگر میں سیکورٹی ایجنسیوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں یوٹی میں سلامتی منظر نامے پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ایل جی نے نارکو ٹیرر کے نیٹ ورکوں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے اور ابھرتے ہوئے ڈیجیٹل خطرات کی نگرانی بڑھانے کی متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے۔سیکورٹی کے لئے عوامی اعتماد کو اہم قرار دیتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر نے پولیس افسروں کو لوگوں کے ساتھ راست رابطہ کاری کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے شہریوں کی شکایات کے ازالے اور ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیلئے مخصوص اوقات مقرر کرنے کا مشورہ دیا۔

**LG ملاقات**

شری امرناتھ جی یاترا بھنڈارا آرگنائزیشن کے صدر راجن کپور نے سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

**CM**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں سرمایہ کاری، اختراعیت اور معاشی ترقی کیلئے ایک معاون اور سازگار ماحول قائم کرنے پر زور دیا ہے۔سرینگر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے جموں وکشمیر بھر میں کاروبار کرنے میں آسانی لانے کے طریقہ کار سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔انہوں نے اصلاحات کو موثر طریقے پر عملانے میں حائل تمام رکاوٹوں کو بھی دور کرنے اور تاخیر کو کم کرنے کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

علاج امداد

صحت عامہ اور سماجی بہبود کے شعبے میں ایک بڑی پیش رفت کے طور جموں وکشمیر حکومت نے کینسر کے علاج اور غریبوں کیلئے انتظامی فنڈ میں جامع اصلاحات کا اعلان کیا ہے جس کا مقصد کینسر جیسے امراض کے علاج کیلئے مفلوک الحال مریضوں کے مالی بوجھ کو کم کرنا ہے۔اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے منظور شدہ اصولوں پر نظر ثانی کے تحت مخصوص اسکیموں کی رو سے امداد حاصل کرنے کے اہل کسی کنبے کی سالانہ آمدنی کی حد **2** لاکھ **40** ہزار روپے سے بڑھا کر **4** لاکھ روپے سالانہ کر دی گئی ہے۔نظر ثانی شدہ اسکیم موذی بیماریوں سے متاثرہ مریضوں کی مالی مشکلات کو دور کرنے کیلئے حکومت کا ایک اہم اقدام تصور کیا جا رہا ہے۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے بارہ مولہ ضلعے کے بہرام پورہ میں کل کھیلے گئے بہرام پورہ فٹبال کپ **2026** کے فائنل میچ میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔فائنل مقابلے میں کپواڑہ کی ٹیم نے بہرام پورہ کی ٹیم کو ہرا کر ٹرافی اپنے نام کی۔فاتح ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ کھیل مقابلے نہ صرف تفریح کا سامان فراہم کرتے ہیں بلکہ ایک کھلاڑی میں نظم وضبط اور خود اعتمادی کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں کھیل سرگرمیاں فروغ پا رہی ہیں۔

ورکشاپ

ڈائریکٹوریٹ آف اکونامکس اینڈ سٹیٹسٹکس جموں وکشمیر کے اہتمام سے **SKICC** سرینگر میں کل **Administrative Data Harmonisation** کے موضوع پر یوٹی سطح

کاایک روزہ ورکشاپ منعقد ہوا جس کا مقصد سرکاری محکموں میں انتظامی ڈیٹا کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔مقررین نے کہا کہ ڈیٹا میں ہم آہنگی اور مطابقت پیدا کرنے سے مختلف محکموں کے مابین تال میل اور مختلف اسکیموں کی نتیجہ خیز عمل آوری کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

**DC بڈگام**

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں مختلف اہم سڑک پروجیکٹوں پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

**DC اننت ناگ**

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آبپاشی وفلڈ کنٹرول، جیالوجی و مائننگ اور مال محکموں کے افسروں کو غیر قانونی مائننگ کی سرگرمیوں پر روک لگانے کیلئے منظم لائحہ عمل اپنانے کی ہدایت دی ہے۔کمشنر موصوف نے مختلف محکموں کے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں کان کنی سے جڑے کئی معاملات کا جائزہ لیتے ہوئے یہ ہدایات جاری کیں۔انہوں نے اس سلسلے میں ترتیب دئے گئے ضابطوں پر سختی کے ساتھ عمل درآمد کی بھی ہدایت دی۔

**DC کولگام**

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے کل ضلعے کے کھڈونی علاقے میں سکاسٹ کشمیر کے فیلڈ کراپس کے ماؤنٹین ریسرچ سینٹر کا دورہ کرکے وہاں کے کام کاج اور تحقیقی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے زراعت کے شعبے میں تحقیقی کام انجام دینے کیلئے ادارے کی سراہنا کی۔ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ اس ادارے کو فیکلٹی آف ایگریکلچر ساؤتھ کیمپس کے طورترقی دی گئی ہے۔انہوں نے یونیورسٹی حکام کو یقین دلایا کہ اس ادارے کی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے کیلئے ضلع انتظامیہ ہرممکن تعاون فراہم کرے گی۔

بھارت دورہ

بلجیم کے وزیراعظم **Bart De Wever** آج بھارت کے تین روزہ دورے پر آرہے ہیں۔ وہ وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات، آپسی دلچسپی کے کئی علاقائی اور عالمی امورات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ **De Wever** بھارت۔ یورپی یونین تجارتی معاہدے کے تناظر میں ایک تجارتی تقریب پر کلیدی خطبہ بھی دیں گے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** اعشاریہ **5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ